اسلامیات لازمی	دہم، لاہور بورڈ، 2022ء	دوسرا گروپ
وقت: 15 منٹ	(معروضی طرز)	کل نمبر: 10

نوٹ

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس طرح خیال پیدا ہونے لگا کہ شاید ہمسائے کو وراثت میں شامل کر دیا جائے گا:

(A) حضرت اسرافیلؑ کی تاکید سے (B) حضرت جبرائیلؑ کی تاکید سے

(C) سرداروں کی تاکید سے (D) عوامی مطالبے پر

-2 اگر آپ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں گے تو بدلہ میں وہ تمہیں دے گا:

(A) حکومت (B) کامیابی

(C) اور زیادہ (D) طاقت

-3 حدیث کے مطابق لوگوں میں اچھا وہ ہے جو لوگوں کو دیتا ہے:

(A) قرض (B) صدقہ

(C) نفع (D) کھانا

-4 اگر جسم پاک نہ ہو تو وضو سے پہلے غسل کرنا ہے:

(A) سنت (B) واجب

(C) مستحب (D) ضرورت نہیں

-5 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کو کون سی نمائش سے منع کیا گیا ہے:

(A) زمانہ جاہلیت والی (B) سوگ والی

(C) اجتماعات والی (D) تقریبات والی

-6 شاہراہِ حیات میں ایک دوسرے کے ہم سفر ہوتے ہیں:

(A) استاد اور شاگرد (B) خاوند اور بیوی

(C) مالک اور نوکر (D) افسر اور ماتحت

-7 قرآن مجید کے مطابق چھونے سے قبل مطلقہ کی عدت ہوتی ہے:

(A) ایک ماہ دس دن (B) تین ماہ دس دن

(C) چار ماہ دس دن (D) عدت نہیں ہوتی

-8 اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو اپنے دشمنوں کے بارے میں تلقین کی ہے:

(A) ان سے کاروبار نہ کرو (B) ان کو دوست نہ بناؤ

(C) ان سے رشتے نہ کرو (D) انہیں اپنا راز نہ دو

-9 سورۃ الفرقان کے مطابق ''جہاد کبیر!'' کے ذریعے جہاد کی کس قسم کی ترغیب دی گئی ہے:

(A) جہاد بالمال (B) جہاد بالنفس

(C) جہاد بالسیف (D) جہاد بالعلم

10 پہلو کے لیے عربی میں لفظ استعمال کیا جاتا ہے:

(A) قَلْبٌ (B) اُذُنٌ

(C) جَوْفٌ (D) دَخِلٌ

www.ilmkidunya.com